ہدایات برائے

معدے کا کینسر

شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اور ریسرچ سینٹر

5۔ جنس :

معدے کا کینسر عورتوں کی نسبت مردوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

معدے کے کینسر کی تشخیص کیلئے کون سے ٹیسٹ کرانے کی ضرورت پڑتی ہے؟

آپ کا ڈاکٹر سب سے پہلے آپ کی کیس ہسٹری لے گا اور آپ کا جسمانی معائنہ کرے گا۔ آپکے پیٹ میں کسی قسم کی سوزش یا سیال مادے کا جائزہ لے گا۔ ڈاکٹر آپ کے معدے کی اینڈوسکوپی بھی کر سکتا ہے جس میں ایک نالی کے ذریعے آپ کے معدے کے اندرونی حصے کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر آپ کو بائی آپسی (biopsy) کروانے کا بھی کہہ سکتا ہے جس میں آپ کے معدے کے متاثرہ حصے سے ٹشو کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا حاصل کر کے اس کا خوردبینی جائزہ لیا جاتا ہے تا کہ کینسر خلیوں کا پتہ چل سکے۔ آپ کا ڈاکٹر خون کے ٹیسٹ، چھاتی کا ایکس رے، سی ٹی سکین، اینڈوسکوپی الٹراساؤنڈ یا ایم آر آئی بھی کروا سکتا ہے تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ کینسر کتنا پھیل چکا ہے۔

اس قسم کے کینسر کا علاج کیا ہے؟

معدے کے کینسر کے علاج کیلئے کئی ایک طریقے اپنائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک طریقہ علاج سرجری ہے اور اس کا دارومدار اس بات پر ہوتا ہے کہ ٹیومر کہاں موجود ہے۔ آپ کا ڈاکٹر کینسر سے متاثرہ حصہ یا پورا معدہ نکال سکتا ہے۔ اگر پورا معدہ نکالنا ہو تو اس صورت میں خوراک کی نالی کو چھوٹی آنت سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ کیموتھراپی اس قسم کے کینسر کا عمومی طریقہ علاج ہے جس میں مریض

PGS\MDO\12\01\U

کو ایسی ادویات دی جاتی ہیں جو کینسر کے خلیوں کو تباہ کر کے ختم کر دیتی ہیں۔ یہ ادویات عام طور پر خون کی رگوں کے ذریعے دی جاتی ہیں۔ ریڈی ایشن تھراپی، جس میں انتہائی طاقتور شعاعوں کے ذریعے کینسر کے خلیوں کو تباہ کیا جاتا ہے، عموماً اس قسم کے کینسر کے علاج میں کیموتھراپی کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔ بیالوجیکل تھراپی ایک اور طریقہ علاج ہے جس میں مخصوص مواد خون کے ذریعے جسم میں گردش کرتا ہے اور پورے جسم میں کینسر کے خلیوں پر اثرانداز ہوتا ہے۔ اس طریقہ علاج میں جسم کا مدافعتی نظام قدرتی طور پر کینسر سے لڑتا ہے۔

معدے کے کینسر سے محفوظ رہنے کیلئے کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟

اپنے معالج سے سالانہ معائنہ کروائیں، خصوصاً اگر آپ پیٹ کے مسائل سے دوچار رہتے ہیں یا آپ کی فیملی ہسٹری میں معدے کا کینسر ہے۔ صحت افزاء خوراک کے استعمال کو یقینی بنائیں جس میں گوشت کا محدود استعمال اور پھلوں اور سبزیوں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ روزش کریں اور اپنے وزن کو متوازن رکھیں۔ سگریٹ نوشی اور آلودگی سے بچیں۔ یاد رکھیں اگر آپ کو اس مرض سے متعلقہ علامات میں سے کسی ایک کا بھی سامنا ہو تو فوراً اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

معدے کا کینسر کیا ہے ؟

معدہ ہمارے نظام انہضام کا حصہ ہے۔جسم کا یہ عضو جو اندر سے خالی ہوتا ہے پیٹ کے اوپری حصے میں پسلیوں کے نیچے واقع ہوتا ہے۔معدے کی پانچ پرتیں ہوتی ہیں۔اندرونی پرت میوکوسا (mucosa) ہوتی ہے جس کے بعد سب میوکوسا (submucosa)، پٹھے (muscles)، سب سیروسا (subserosa) اور آخر میں بیرونی پرت سیروسا (serosa) ہوتی ہے۔ معدے کا کینسر سب سے اندرونی پرت سے شروع ہوتا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ بڑھ کر آخر میں بیرونی پرت تک پہنچ جاتا ہے اور بروقت تشخیص نہ کی جائے تو یہ جسم کے دیگر اعضاء مثلاً جگر، لبلبہ، خوراک کی نالی (oesophagus) اور آنتوں تک پھیل سکتا ہے۔

معدے کے کینسر کی علامات:

معدے کے کینسر کی علامات میں معدہ میں بے چینی محسوس کرنا، خوراک کی کم مقدار سے ہی پیٹ کا بھر جانا، متلی، قے آنا، نگلنے میں دشواری ہونا، پاخانے سے خون کا اخراج اور تیزی سے وزن میں کمی واقع ہونا شامل ہیں۔اکثر اوقات ان علامات کا تعلق کینسر سے نہیں ہوتا۔اگر آپ کو ان علامات میں سے کسی ایک کا بھی سامنا ہو تو فوراً اپنے معالج سے رجوع کریں تا کہ بروقت تشخیص اور علاج ممکن ہو سکے۔

معدے کے کینسر سے متعلق کون سے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں؟

اگر چہ معدے کے کینسر کی کوئی حتمی وجہ نہیں بتائی جاسکتی لیکن اس قسم کے کینسر سے درج ذیل خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

1۔ عمر :

یہ مرض زیادہ تر 72 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کو لاحق ہوتا ہے۔

2۔ خوراک :

اگر آپ ایسی خوراک کا استعمال کرتے ہیں جو مرغن ہو، جس میں نمک کا استعمال زیادہ ہو اور مخصوص مرچ مصالحوں کا استعمال کیا گیا ہو تو آپ کو معدے کا کینسر ہونے کا خطرہ ہے۔



3۔ سگریٹ نوشی :

اگر آپ سگریٹ نوشی کرتے ہیں تو آپ کو اس قسم کے کینسر کا خطرہ زیادہ ہے۔

4۔ صحت کے دیگر مسائل :

اگر آپ کے معدے کی سرجری ہو چکی ہے یا آپ مسلسل درد شکم میں مبتلا رہتے ہیں جو کہ معدے کی سوزش سے ہوتا ہے یا آپ پر نیکیوس انایما (pernicious anaema) کا شکار ہیں جو خون کی ایک بیماری ہے اور جس سے معدہ متاثر ہو سکتا ہے تو آپ کو معدے کا کینسر ہونے کا خطرہ لاحق ہے۔

Robert Morreale/Visual Explanations, LLC



Reprinted with permission from www.cancer.net. © 2012 American Society of Clinical Oncology. All Rights Reserved.